ABC CERTIFIED چاروں صوبوں سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار

http://www.juraat.com

Daily JURA'AT Karachi

روزنامہ جرأت کراچی

رجسٹرڈ نمبر SS-1206 پی ایم ڈی نمبر 1483

چیف ایڈیٹر: مختار عاقل فون نمبرز: 021-32637641-4 قیمت 10 روپے

جلد 20 | اتوار یکم ربیع الاول 1437 | 13 دسمبر 2015ء | شمارہ نمبر 257

1

IBM کا خواب 20 سال قبل دیکھا جو پورا ہوگیا

شاہجہان کریم

انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے 18 ویں کانووکیشن، طلباء میں 933 ڈگریاں، 11 طلائی تمغے تقسیم

طلباء کو کامیابی کے لئے برداشت پیدا کرنی ہوگی، محمد میاں سومرو، نجم الدین شیخ، ڈاکٹر عاصمہ فیصل و دیگر کا خطاب

کراچی (کامرس رپورٹر/ نعیم نواب خان) سابق صدر، قائم مقام گورنر سندھ اور سینیٹ کے سابق چیئرمین محمد میاں سومرو نے کہا ہے کہ تعلیمی عمل میں جیسے جیسے کامیابی آتی جاتی ہے تو طالب علموں کو برداشت بھی آتی چاہئے اگر ایسا نہ ہو تو لالچ کی خو پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کراچی کے 18 ویں کانووکیشن میں اپنے صدارتی خطبہ سے صدر بورڈ آف گورنرز اور انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے بانی شاہجہاں ایس کریم، چانسلر نجم الدین اے شیخ، کی نوٹ اسپیکر، کمال چنائے، طالب کریم، اساتذہ، طلباء و طالبات، ان کے والدین اور دیگر مہمانوں سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا مجھے CBM پر فخر ہے جو تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہا ہے یہ ادارہ ایک قابل فخر ادارہ ہے۔ کی نوٹ اسپیکر اور پاکستان کنجلو کے چیف کمال چنائے نے کہا زندگی میں خواب ضرور دیکھنے چاہئے خداوند کریم سے اچھی امیدیں رکھنی چاہئے خداوند کریم آپ کو ضرور کامیابی عطا کرتے ہیں۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

کراچی: انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے 18 ویں کانووکیشن میں ڈگریاں وصول کرنے والے طلباء و طالبات

1

انہوں نے کہا کہ نجم الدین شیخ، شاہجہاں کریم اور ان کے دیگر رفقا کار جس طرح اس ادارے کو چلا رہے ہیں وہ ایک مثال آپ ہے اساتذہ کی لگن اور توجہ سے ہی اس طرح کی کامیابیاں ملتی ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے قابل فخر چانسلر نجم الدین اے شیخ نے کہا کہ ہم نے اس انسٹی ٹیوٹ کو بہت محنت سے بنایا ہے ہمارے اساتذہ بہت محنتی اور محبت والے ہیں طالب علموں پر اپنی جان چھڑکتے ہیں یہ ایک تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ ایک خاندان ہے جہاں سب سے پیار محبت کی جاتی ہے آج ہم نے 933 ڈگریاں اور 11 طلائی تمغے دیئے ہیں ہمارا مشن ہے کہ اس ادارے کو ایک مثالی اور ماڈرن جس کا نام بنتے ہی لوگوں میں ایک فخریہ احساس لوگوں کا سر فخر سے بلند کرتا ہوں، آج اس کانووکیشن میں شریک ہوئے۔ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے بانی شاہجہاں ایس کریم نے اپنے خطاب میں کہا میں نے 20 سال پہلے جو خواب دیکھا تھا وہ آج بچے پورا کر رہے ہیں 1995ء میں ادارے کی بنیاد رکھی اور 2 سال کے بعد ہی سالانہ کانووکیشن شروع کر دیا جو آج تک قائم ہے۔ انہوں نے کہا میں نے اس انسٹی ٹیوٹ کو اپنے دل سے بنایا تھا۔ خداوند کریم کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میں سرخرو ہو گیا اساتذہ، طلباء و طالبات، سٹاف، چانسلر اور تمام لوگ تعریف کے مستحق ہیں کامیابی ہمیشہ متحد ہو کر ملتی ہے آپ کے اندر لگن اور جنون اگر کچھ کرنے کی ہے تو کوئی بعید نہیں کہ کامیابی آپ کو نہ ملے۔ اساتذہ میں سے پروفیسر اور مشیل ڈاکٹر عاصمہ فیصل نے کہا میرے ڈیپارٹمنٹ کے 4 طلباء و طالبات کو ڈگری ملی ہے یہ میرے شاگرد نہیں بلکہ میرے بچے ہیں میں ان سے اور یہ مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں میں ان سے دوستوں کی طرح بھی پیش آتی ہوں خوش اخلاق اور جاب نظر ڈاکٹر عاصمہ فیصل جو خود M فل کی P H D کر رہی ہیں نے کہا میں استاد بھی اور طالب بھی ہوں میری ایک طالبہ کیک کو طلائی تمغہ بھی ملا ہے انہوں نے انسٹی ٹیوٹ کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض شروع میں سارا اصغر محمد آصف خان اور بعد میں شروا جاوید نے سرانجام دی۔ علاوہ ازیں پاک وتر حمد راجہ اظہر نے خوش الحانی سے کی۔